Securities and Exchange Commission of Pakistan

# Press Release

August 10, 2018
For immediate release

**ایس ای سی پی نے تکافل اکاونٹنگ ریگولیشنز کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا**

اسلام آباد (اگست 10 ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے جنرل تکافل اکاؤنٹنگ ریو گلیشنز 2018 کا مسودہ عوامی آراء اور مشاورت کے لئے جاری کر دیا ہے۔ مجوزہ ریگولیشنز تکافل رولز 2012 کے قاعدہ 29 اور انشورنس آرڈیننس 2000 کی دفعہ 46 کے تحت بنائے گئے ہیں۔

مجوزہ ریگولیشنز میں جنرل تکافل آپریٹرز اور ونڈو تکافل آپریٹرز کی جانب سے تکافل کے کاروبار کی رپورٹنگ اور اکاؤنٹنگ کے اصول وضع کئے گئے ہیں۔ ان ریگولیشنز میں جنرل تکافل اور ونڈو تکافل آپریٹروں کے لئے سالانہ گوشوارے اور فنانشل سٹیٹمنٹ تیار کرنے کا طریقہ کار بھی دیا گیا ہے۔

انشورنس کمپنیوں میں اعلی معیار کا فنانشل رپورٹنگ کا نظام جو کہ ایک مستحکم ریگولیٹری فریم ورک کے تحت تیار کیا گیا ہو اور اس کے ذریعے فراہم کی گئی معلومات پالیسی ہولڈروں کے اعتماد کے لئے ضروری ہے۔ ایس ای سی پی کے مجوزہ ریگولیشنز کا مقصد جنرل تکافل اور ونڈو تکافل آپریٹروں میں حسابات کو معیار کو بہتر بنانا اور ان میں شفافیت قائم رکھا ہے جبکہ ان کے ذریعے شراکت داروں کو بھی زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوں۔

ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد اور دیگر شراکت دار نوٹیفیکیشن جاری ہونے کی تیس دن کے اندر اندر تجاویز و آراء ایس ای سی پی کے صدر دفتر، واقع این آئی سی ایل بلڈنگ جناح ایونیو، بلیو ایریا اسلام آباد میں ڈائریکٹر انشورنس کو بھجوا سکتے ہیں۔ ان تجاویز و آراء کی روشنی میں مجوزہ ریگولیشنز کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk